SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Wednesday, July 19, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at six of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Qyuran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِى الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا
مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا
حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ
لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ
وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۖ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ﴿۶۰﴾

ترجمہ: اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں کہ مال زکواۃ بانٹنے میں تجھ پر عیب لگاتے ہیں (کہ تو لوگوں کی رعایت کرتا ہے) پھر حالت ان کی یہ ہے کہ اگر انہیں اس میں سے دیا جائے، تو خوش ہو جائیں، نہ دیا جائے تو بس اچانک بگڑ بیٹھیں ۵۸ ۔ اور (کیا اچھا ہوتا) اگر ایسا ہوتا کہ جو کچھ اللہ اور رسول نے انہیں دے دیا، اس پر رضامند ہو جاتے اور کہتے ہمارے لیے اللہ بس کرتا ہے۔ اللہ اپنے فضل سے ہمیں (بہت کچھ) عطا فرمائے گا اور اس کا رسول بھی (عطا و بخشش میں کمی کرنے والا نہیں) ہمارے لیے تو بس اللہ ہی غایت و مقصود ہے ۵۹ ۔ صدقہ[۲۵] کا مال (یعنی مال زکواۃ) تو اور کسی کے لیے نہیں ہے۔ صرف فقیروں کے لیے ہے مسکینوں کے لیے ہے۔ اور ان کے لیے، جو اس کی وصولی کے کام پر مقرر کئے جائیں۔ اور وہ کہ ان کے دلوں میں (کلمہ حق) کی الفت پیدا کرنی ہے۔ اور وہ کہ انکی گردنیں (غلامی کی زنجیروں میں) جکڑی ہیں (اور انہیں آزاد کرانا ہے۔ نیز قرض داروں کیلئے (جو قرض کے بوجھ سے دب گئے ہوں، اور ادا کرنے کی طاقت نہ رکھیں) اور اللہ کی راہ میں (یعنی جہاد کے لیے اور ان تمام کاموں کے لیے، جو مثل جہاد کے اعلائے کلمہ حق کے لیے ہوں) اور مسافروں کے لیے (جو اپنے گھر نہ پہنچ سکتے ہوں اور مفلسی کی حالت میں پڑ گئے ہوں۔ یہ اللہ کی طرف سے ٹھہرائی ہوئی بات ہے اور ا(للہ) (سب کچھ) جاننے والا (اپنے تمام حکموں میں) حکمت رکھنے والا ہے! ۶۰

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Wednesday, July 19, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at six of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Qyuran)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا
مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا
حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿٥٩﴾ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ
لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ
وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾

ترجمہ: اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں کہ مال زکواۃ بانٹنے میں تجھ پر عیب لگاتے ہیں (کہ تو لوگوں کی رعایت
کرتا ہے) پھر حالت ان کی یہ ہے کہ اگر انہیں اس میں سے دیا جائے، تو خوش ہو جائیں، نہ دیا جائے تو بس
اچانک بگڑ بیٹھیں ۵۸ ۔ اور کیا اچھا ہوتا) اگر ایسا ہوتا کہ جو کچھ اللہ اور رسول نے انہیں دے دیا، اس
پر رضامند ہو جاتے اور کہتے ہمارے لیے اللہ بس کرتا ہے۔ اللہ اپنے فضل سے ہمیں (بہت کچھ) عطا
فرمائے گا اور اس کا رسول بھی (عطا و بخشش میں کمی کرنے والا نہیں) ہمارے لیے تو بس اللہ ہی غایت و
مقصود ہے ۵۹ ۔ صدقہ[۲۵] کا مال (یعنی مالِ زکواۃ) تو اور کسی کے لیے نہیں ہے۔ صرف فقیروں کے لیے ہے
مسکینوں کے لیے ہے۔ اور ان کے لیے، جو اس کی وصولی کے کام پر مقرر کئے جائیں ۔ اور وہ کہ ان کے دلوں
میں (کلمہ حق) کی الفت پیدا کرنی ہے ۔ اور وہ کہ انکی گردنیں (غلامی کی زنجیروں میں) جکڑی ہیں (اور انہیں آزاد کرانا ہے۔
نیز قرض داروں کیلئے (جو قرض کے بوجھ سے دب گئے ہوں، اور ادا کرنے کی طاقت نہ رکھیں) اور اللہ کی راہ میں (یعنی
جہاد کے لیے اور ان تمام کاموں کے لیے، جو مثلِ جہاد کے اعلائے کلمہ حق کے لیے ہوں) اور مسافروں کے لیے (جو اپنے
گھر نہ پہنچ سکتے ہوں اور مفلسی کی حالت میں پڑ گئے ہوں۔ یہ اللہ کی طرف سے ٹھہرائی ہوئی بات ہے اور اللہ
(سب کچھ) جاننے والا (اپنے تمام حکموں میں) حکمت رکھنے والا ہے! ۶۰

جناب چیئرمین : جزاک اللہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman: Question Hour.

Question No. 94

FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION

94. ***Prof. Khurshid Ahmed:** Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state number of meetings of the FPSC held, and cases considered, interviewed, final recommendations/appointments made during the period from January to November, 1988 and December 1988 to June 1989, separately in each case ?

Khawaja Ahmed Tariq Raheem (read by Dr. Sher Afgan Khan Niazi): January, 1988 to November, 1988.

(a) Direct Recruitment Cases :

(i) No. of meetings held	360
(ii) No. of cases considered	206
(iii) No. of candidates interviewed	6,463
(iv) No. of candidates recommended	388

(b) C.S.S., 1987:

(i) No. of meetings held	70
(ii) No. of cases considered	1
(iii) No. of candidates interviewed	676
(iv) No. of candidates recommended	127

DECEMBER, 1988 to JUNE, 1989

(a) Direct Recruitment Cases :

(i) No. of meetings held	186
(ii) No. of cases considered	88*
(iii) No. of candidates interviewed	2,739*
(iv) No. of candidates recommended	181

(b) C.S.S., 1988 :

(i) No. of meetings held	38
(ii) No. of cases considered	1
(iii) No. of candidates	358**

* Interviews in most of cases were conducted before 30th November, 1988 and were finalized after December, 1988 due to ban on Recruitment.

** The interviews of 366 C.S.S. candidates are in progress.

N.B. - The Government imposed ban on recruitment in December, 1988 and lifted it on 22nd April, 1989.

پروفیسر خورشید احمد: سپلیمنٹری۔ جناب والا! یہ سوال تھا تو اس اہمیت کا حامل کہ اسکا جواب پڑھ کر سنایا جاتا تاکہ سب کو پوری طرح معلوم ہو جاتا کہ فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی meetings جنوری 88ء سے نومبر 88ء تک، اور پھر دسمبر 88 سے جون 89 تک، کتنی ہوئی ہیں؟ اور انکے through appointments کی کیا پوزیشن ہے اس لیے کہ اس ملک کے دستور کے تحت گریڈ 16 سے اوپر کی جتنی بھی تقرریاں ہیں ان تمام کو فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے تحت ہونا چاہیے۔ اور اگر آپ یہ extract جس میں کہ number of cases considered and number of candidates interviewed. کی تفصیل پڑھ لیں تو نیچے لکھا ہوا ہے کہ interviews in most cases were conducted before 30th November, 1988 and were finalized after December, 1988 due to ban on recruitment.

اس سے جو مسئلہ پیدا ہو رہا ہے وہ یہ ہے کہ اس ملک میں سول سروسز کے لیے جو دستوری ادارہ ہے فیڈرل پبلک سروس کمیشن، وہ معطل ہو کے رہ گیا ہے اور appointments اس کے مقابلے میں وزیر اعظم کے پلیسمنٹ بیورو سے ہو رہی ہیں جنہوں نے پوری سروسز کو politicise کر دیا ہے۔ تو میرا سوال یہ ہے کہ گورنمنٹ کیا اس ایوان کو یہ بتائے گی کہ آخر کیا وجہ ہے کہ فیڈرل پبلک سروس کمیشن کو جو اس ملک میں اعلیٰ سول ملازمتوں کو فراہم کرنے کا، اسکرین کرنے کا، لوگوں کو موقع دینے کا مجاز ادارہ ہے وہ ایڈورٹائیز کرتے ہیں، Examination hold کرتے ہیں اور پھر میرٹ کی بنیاد پر supposedly اس ملک میں services conduct کی جاتی ہیں سیاسی رشوت یا سیاسی نوازش کی بنیاد پر نہیں۔ تو یہ بڑا بنیادی سوال تھا اور اس جواب سے یہ بات کھل کر سامنے آ گئی ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس وقت فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی کیا پوزیشن ہے کیوں اسکو عضوِ معطل بنا دیا گیا ہے۔ اور

کیا یہ دستور کی خلاف ورزی نہیں ہے۔ کیا یہ اس ملک کے عام انسانوں کے ساتھ، سر دست کے ساتھ صریح ناانصافی نہیں ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! بنیادی طور پر یہ ایک سوال نہیں ہے بلکہ تقریر ہے سوال کا وضاحت سے جواب دیا گیا ہے....

جناب چیئرمین: جی انہوں نے سوال یہ کیا ہے کہ کیا اس سے فیڈرل پبلک سروس کمیشن کو معطل نہیں کر دیا گیا اس کا جواب دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: اس سے معطل نہیں ہوا بلکہ 22/ مارچ تک چونکہ وہ ریکروٹمنٹ پہ ban رہا ہے۔ Ministries and Divisions appointment کرتے ہیں کمشن والے consider کر کے cases بھیجتے ہیں۔ appointment is bascially made by the Ministries and Divisions. This is the law.

اب اس سے کسی نے deviate نہیں کیا بلکہ بنیادی طور پر اگر آپ ملاحظہ فرمائیں۔ معزز سینیٹر یہ سوال فرماتے ہیں کہ یہ 360 میٹنگز کیسے ہوگئیں جنوری سے نومبر تک پبلک سروس کمیشن نے کی ہیں اور نیچے ایک اور جگہ بھی ہے number of meetings held : 186 تو گویا یہ پوری طرح سے کام کر رہا ہے آپ بھی جانتے ہیں کہ 88ء میں کچھ عرصہ انتخابات رہے ہیں transfer of power رہی سب کچھ رہا اور اس دوران میں یہ صورتحال آپ کے سامنے ہے اس کے باوجود بھی فیڈرل سروس کمیشن پوری طرح سے کام کرتا رہا اور اس نے proposals منسٹریز کو بھیجی ہیں۔ باقاعدہ تقرریاں ہوگئیں دو سی ایس ایس کے امتحانات ہوئے ہیں ایک 87ء میں، ایک 88ء میں؛ اس پر بھی تمام امیدواروں کا انہوں نے انٹرویو کیا ہے۔ اور یہاں تک کہ انہوں نے 1988 میں 63 تا 64 امیدواروں کے انٹرویو کیے۔ 1969 میں 12739 اسکے وہ ایک سے زائد تمام Examination جو سی۔ ایس۔ ایس کا تھا اسکا انہوں نے بتایا ہے تو یہ کیسے معطل تھا بلکہ

It was working more efficiently. There was no hindrance. Nothing of the sort which has been claimed by the honourable Senator.

Mr. Chairman: Any other supplementary.

Mr. Shad Muhammad Khan: Is it a fact, Sir, that the candidates on adhoc basis and interviewed by the Federal Public Service Commission, are going to be terminated as envisaged in the Placement Bureau's letter issued by Mr. Nasirrullah Baber.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: repeat فرمائیں جی کیا کہا۔

جناب چیئرمین: آپ ذرا اردو میں بتا دیں جی۔

جناب شاد محمد خان: جناب کیا یہ درست ہے کہ وہ ملازمین جو ایڈھاک بیسز پر ریکروٹ ہوئے اور جن کے انٹرویو بھی پبلک سروس کمیشن نے کیئے ان کی سروسز terminate ہو رہی ہیں؟ کیونکہ Placement Bureau سے نصیر اللہ بابر نے ایک چھٹی جاری کی ہے کہ ایسے لوگوں کو مزید توسیع نہ دی جائے۔ فیڈرل سروس کمیشن کی ریکمنڈیشن کے باوجود آپ ان کو terminate کر رہے ہیں کیا یہ درست ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ بات غلط ہے۔

جناب چیئرمین: نصیر اللہ بابر صاحب کی چھٹی غلط ہے یا ان کا بیان غلط ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ بات غلط ہے۔

جناب چیئرمین: جی جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: اگر جناب وزیر صاحب مجھے اجازت دیں میں سوال تو ایک دوسرا بھی کر رہا تھا لیکن یہ سوال بھی ساتھ ہی ساتھ ان کے سامنے آجائے کہ جو خط ہے، جس کا ذکر ابھی کیا گیا ہے اس خط کے الفاظ جناب والا! یہ ہیں۔

"The recommendations made by the Federal Public Service Commission for appointments against the vacant posts in PBS-16 and above will not be entertained by the Ministries/Divisions unless the posts have been advertised afresh by the Federal Public Service Commission. This will give a fair opportunity to candidates already with the Federal Public Service Commission and fresh candidates applying to the Prime Minister to compete together in the selection process. However, the post against which nominations have already been made by the Placement Bureau, their selection process by the Federal Public Service Commission

[Prof. Khurshid Ahmed]

will be kept pending till November 1989. The period of ad hoc appointments that were made during the past regime and not regularized within the stipulated period should in no case be extended and such appointments by terminated immediately on expiry of the said period."

جناب والا! اس کے صاف معنی یہ ہیں کہ جتنے کیسز پبلک سروس کمیشن کے سامنے ہیں جو انہوں نے ایگزامن کر لیئے ہیں انٹرویو بھی کر لیے ہیں ان تمام کو روک دیا گیا ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ دوبارہ ایڈورٹائز کرو۔ جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ گورنمنٹ سروس میں ایج کا بھی بہت بڑا consideration ہوتا ہے اور ایک شخص جس نے اس وقت اپلائی کیا تھا۔ سال بھر لگا اس کے کیس کو ایگزامن کرنے میں، انٹرویو کرنے میں اب وہ afresh apply کرے گا صرف اس بنیاد پر کہ پرائم منسٹر صاحبہ یہ چاہتی ہیں کہ سیاسی بنیادوں پر کچھ اور لوگوں کو بھی موقع دیا جائے۔ ٹھیک ہے ہر شخص کو حق ہے۔ پیپلز پارٹی کے لوگوں کا بھی حق ہے لیکن وہ آئیں اور apply کریں۔

ڈاکٹر شیر افگن خاں نیازی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر نہیں۔ ڈاکٹر صاحب آپ نے تو deny کیا ہے کہ چھٹی کوئی نہیں ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: میں facts پیش کر رہا ہوں۔ یہ خط موجود ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خاں نیازی: جو چھٹی یہ پڑھ رہے ہیں وہ تو خود ان کے خلاف جاتی ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: خلاف یا حق میں ہونے کا فیصلہ خود قوم کرے گی۔

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب one minute please ڈاکٹر صاحب یہاں خلاف یا حق کی بات نہیں ہے۔

(مداخلت)

Please Doctor Sahib listen to me. When there is some body speaking from the chair you are not interfere.

میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ نے تو انکار کیا ہے کہ چھٹی کوئی نہیں۔ وہ چٹھی کا حوالہ دے رہے ہیں یہ کاپی ہے۔ آپ یہ چھٹی لے لیں اور پھر جواب دیں کہ چھٹی ہے بھی کہ نہیں ہے۔

اگر آپ چھٹی سے انکار کر رہے ہیں تو پھر اس کا کیا ہو گا۔ تو یہ ان کو دے دیں۔ پہلے چھٹی دیکھ
لیں تاکہ جب وہ آپ سے سوال پوچھیں تو آپ چھٹی کے حوالے سے جواب دے سکیں کہ چھٹی ہے بھی
کہ نہیں۔ اگر نہیں ہے تو آپ کہہ سکتے ہیں کہ چھٹی غلط ہے۔ ختم ہو گئی بات۔

ڈاکٹر شیر افگن خاں نیازی : جناب والا! یہ چھٹی غیر متعلقہ ہے۔ جو بات وہ کر رہے
ہیں

(مداخلت)

جناب چیئرمین : (پروفیسر خورشید احمد سے مخاطب ہو کر) یہ آپ چھٹی پہلے ان کو دے دیں

(مداخلت)

ڈاکٹر شیر افگن خاں نیازی : وہ سوال کریں

(مداخلت)

Mr. Chairman: O.K. I will take it tomorrow. I think I will take it tomorrow. It is a fair suggestion.

اس چھٹی کو آپ دیکھ لیں۔

And we will take up this question tomorrow.

(Interruptions)

Professor Sahib, we will defer this question and we will take it up tomorrow.

پروفیسر خورشید احمد : اچھا جی ٹھیک ہے اسے کل لے لیں گے۔

ڈاکٹر شیر افگن خاں نیازی : یہ unconcerned ہے۔

پروفیسر خورشید احمد : بالکل related ہے جناب۔

ڈاکٹر شیر افگن خاں نیازی : بالکل unconcerned ہے۔ آپ نیا سوال دے دیں

Mr. Chairman: We will take it up tomorrow. Next Question No. 95 - Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui.

PIA SERVICE ON DOMESTIC ROUTES

95. * **Muhammad Mohsin Siddiqui:** Will the Minister for Defence be pleased to state :

(a) the proposed plan to expand PIA service on various domestic routes ; and

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

(b) the plan to run additional flights between Karachi-Islamabad to cater to growing air traffic on this route?

Col. (Retd) Ghulam Sarwar Cheema: (read by Dr. Sher Afgan Khan Niazi): (a)

(I) **Expansion on Existing Routes.** - PIA have recently expanded services on the following domestic routes :-

(i) Islamabad-Faisalabad-Islamabad. - From 26th March, 1989, PIA increased its frequency from 10 to 11 flights per week on this sector.

(ii) Karachi-Sindhri-Karachi.-From 3rd October, 1988 PIA started two Fokker flights per week between Karachi & Sindhri instead of thrice weekly flights by Twin Otter. With this, the seating capacity increased from 50 to 80 per week on this sector.

(iii) Karachi-Islamabad-Karachi. - PIA increased its frequency from 37 to 44 flights per week with effect from May, 1989.

(iv) Lahore-Islamabad-Lahore. - Frequency has been increased from 45 to 46 flights per week with effect from May, 1989.

(v) Karachi-Quetta-Islamabad-Quetta-Karachi. - With effect from 30th October, 1988, flights increased from 5 to 6 per week.

(vi) Karachi-Hyderabad-Karachi. - There was no same day return flight from Hyderabad to Karachi. This is now available with effect from March, 1989.

(vii) Karachi-Hyderabad-Lahore-Islamabad. - With effect from 26th March, 1989, three weekly F-27 flights have been introduced on this sector. There was no such service before.

(II) **Addition of New Routes.** - PIA plans to start services to the folowing new domestic stations. Dalbandin, Parachinar, Rahimyar Khan, Mirpur and Ormara.

(b) Seat utilization of PIA flights on the Karachi-Islamabad sector does not warrant any increase in the frequency of flights on this sector for the time being.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: The honourable Minister to my question relating to routes between Karachi and Islamabad without any facts and figures and without any proof has denied that the passenger load has not justified to increase it. We have every day experience and we can't get a seat even for weeks together. When coming from Karachi or going back we have to make a special request and even the Member of Parliament are facing this difficulty. There are only three direct flights one is at 7.00 O'clock in the morning, the other is at 4.00 O'clock in the evening and the third one is at about 11.30 or 12.00 p.m., which is known as night coach. The Minister should have given us the load figures as to what are the passengers what are the bookings, how the bookings are registered.

جناب چیئرمین: نہیں وہ should have کی بات تو نہ کریں۔ سوال پوچھیں ناں۔ What is your question?

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Now, I will put the queston. The answer is not only evasive but they want to hide things simply because they are not in a position to give the correct reply. Would the honourable Minister get me all the figures relating to the traffic between Karachi and Islamabad with bookings and how many people are on the waiting list every time ?

جناب چیئرمین: جی ڈاکٹر صاحب یہ تفصیل آپ دے سکیں گے اس وقت؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! وہ اس کے لیے کوئی period بھی بتائیں کہ تفصیل کس عرصے کی چاہیے کتنے مہینے کی ایک سال کی یا دو سال کی جو وہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ وہاں پر فگرز بہت زیادہ ہیں پروازیں کم ہیں، کیا اس ضمن میں حکومت کوئی اقدامات کر رہی ہے ان کو بڑھانے کے لیے، تو حکومت نے کہا ہے کہ نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ میں آنریبل سینیٹر کے گوش گزار کرنا چاہتا ہوں کہ proportion نکالی گئی ہے کہ جتنی فلائٹس ہیں اتنے مسافر نہیں ہیں سیٹیں بلکہ خالی جاتی ہیں ابھی چنداں ضرورت نہیں ہے کہ پروازیں بڑھائی جائیں۔

جناب محمد محسن صدیقی: آپ last six months کی فگرز دے دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جہاں تک وہ چاہتے ہیں وہ بتلا دیں۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: Please don't interrupt. آپ بیٹھیں آپ کی باری آئے گی۔ اپنی باری پر سوال پوچھیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: کیا وہ last month کا معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ کتنے مسافر آئے کتنی فلائٹیں آئیں ان میں کتنے گئے کتنے آئے اور کتنے رہ گئے۔ جو وہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ مسافر زیادہ ہوتے ہیں سیٹیں کم ہیں اس لحاظ سے پروازیں بڑھائی جائیں۔ تو وہ پیریڈ specify فرمائیں۔

جناب چیئرمین: جی جناب محسن صدیقی صاحب۔ وہ پوچھ رہے ہیں کہ پچھلے چھ مہینے کی آپ کو فگرز چاہئیں۔

جناب محمد محسن صدیقی: پچھلے چھ مہینے کی۔

جناب چیئرمین: کراچی اسلام آباد سیکٹر کی۔

جناب محمد محسن صدیقی: ڈائریکٹ فلائٹس۔

جناب چیئرمین: کراچی اسلام آباد۔

جناب محمد محسن صدیقی: جی ہاں۔

جناب چیئرمین: جی وہ فرما رہے ہیں کہ پچھلے چھ مہینے کی statistics کراچی اسلام آباد سیکٹر پر کہ کتنے پسنجر آپ نے اٹھائے کتنی فلائٹس ہیں اور کتنا لوڈ ہے کتنی ڈیمانڈ ہے۔ یہ فگرز اگر آپ دے دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! اس میں ایک گزارش عرض کروں گا کہ سینیٹر صاحب کو پتہ ہوگا کہ کچھ پروازیں دوسری قسم کی بھی ہیں۔ جو براستہ لاہور فیصل آباد جاتی ہیں۔

جناب چیئرمین: وہ صرف ڈائریکٹ کا کہہ رہے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ڈائریکٹ صرف چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: صرف ڈائریکٹ چاہتے ہیں۔ اسلام آباد کراچی کی ڈائریکٹ فلائٹس پر۔

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Mr. Chairman, a point of explanation.

Mr. Chairman: Yes, Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Those flights which are via Multan or via Faisalabad or via Sukkur, they are intended

to cater the requirement of the people of that particular station who come to Islamabad, not for Karachi. Nobody would take flight like that, that will take five hours.

جناب چیئرمین: وہ تفصیل پھر مناسب وقت پر دے دیں گے۔

جی بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: جناب والا! اسی سوال کے حوالے سے عرض کر دوں گا کہ یہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ کافی عرصے سے کوئٹہ جیسا اہم شہر جو صوبے کا واحد شہر ہے اور جہاں سے اکثر لوگ پی۔آئی۔اے سے آتے جاتے ہیں جب کبھی بھی بکنگ کے لیے لوگ جاتے ہیں یہ پبلک شکایت ہے کہ ان کا سسٹم خراب رہتا ہے اور دو دو دن تک لوگوں کو ٹکٹیں نہیں ملتیں۔ کیا جناب وزیر صاحب اس سلسلے میں انکوائری فرمائیں گے؟

ڈاکٹر شیر افگن خاں نیازی: جناب چیئرمین! اگر ایسی بات ہے تو یقیناً انکوائری ہوگی اور انکوائری کی رپورٹ یہاں معزز ایوان میں پیش کر دی جائے گی۔

جناب چیئرمین: جی جناب۔ ضمنی سوال۔

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Would the honourable Minister consider opening more counters because what we see, if sometime we go that there is only one counter for cancellation, for reservation and for all these items and even for stickers. The result is that there is a big que every time, then why they can not have a separate counter.

جناب چیئرمین: کہاں پر کراچی میں یا اسلام آباد میں۔

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Karachi, Islamabad both. If you have ever a chance to go to Islamabad, you will find that there is a que and a man has to wait two to three hours just to get a cancellation or a reservation or a sticker.

Mr. Chairman: Dr. Sahib, are you prepared to consider opening new counters - additional counters?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! میری گزارش بھی سن لیں کہ محترم سینیٹر صاحب کو پتہ ہے کہ ٹریولنگ ایجنٹس کی وساطت سے بھی بکنگ ہوتی ہے تو یہ que والی بات مجھے سمجھ نہیں آئی میں کئی دفعہ کراچی گیا ہوں وہاں مجھے que نظر نہیں آئی، ویسے already بکنگ بڑی آسانی سے ہوتی ہے۔ نیا کاؤنٹر کھولنے کے لیے وہاں مجھے تو کوئی ضرورت نظر نہیں

—

آئی اور ان کو شاید نظر آئی ہو۔

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Probably he is always jumping the que.

جناب چیئرمین: وہ فرما رہے ہیں کہ ان کا اپنا تجربہ یہ ہے کہ ایڈیشنل کاؤنٹرز کی ضرورت نہیں ہے اور ٹریولنگ ایجنٹس کے ذریعے بھی بکنگ ہو سکتی ہے، جی ڈاکٹر بشارت صاحب۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: شکریہ جناب چیئرمین! یہ جو وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ رش نہیں ہوتا ہے یہ بات میرے تجربے کے برعکس ہے کیونکہ میں کئی دفعہ لاہور خود ریزرویشن کروانے کے لیے گیا ہوں اور وہاں کم از کم آدھا گھنٹہ، پونا گھنٹہ، ایک گھنٹہ تک انتظار کرنا پڑتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہاں پر لکھا ہوا ہے۔

PIA plans to start services to the following new domestic stations.

لیکن یہاں پر ٹائم کا کوئی تعین نہیں کیا گیا۔

If he can elaborate and tell us when are these flights going to start. I am particularly interested in Rahimyar Khan, Mirpur and some other stations.

ہمیں یہ اندازہ ہو جائے کہ کب تک یہ شروع ہوں گی۔

جناب چیئرمین: یہ کون سا ہے جی، یہ نمبر دو کراچی، سندھڑی، کراچی۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: نہیں جی یہ جو نیچے ہے after he has mentioned the flights

Addition of new routes.

Mr. Chairman: PIA plans to start services to the following new domestic stations; Dalbandin, Parachinar, Rahimyar Khan, Mirpur and Ormara.

یہ پوچھ رہے ہیں کہ کوئی وقت آپ specify کر سکتے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: نہیں اس کے لیے جناب والا! ٹرمینل تیار ہو رہے ہیں اس کے لیے ائرپورٹس پر run ways کے لیے طریقہ کار اختیار کیا جا رہا ہے یہ انشاءاللہ جلد ہوگا یہ تمام construction وغیرہ underway ہے۔ بلکہ رحیم یار خان چالو ہے وہاں پر service جاری ہے تو اسی طریقے سے پارہ چنار میں بھی ہے تو اصل میں قصہ یہ ہے کہ بعض جگہ پر ائرکرافٹس مثلاً بی سیون تھری کہیں لینڈ ہو سکتا ہے کہیں نہیں ہو سکتا اور کہیں Foker service جا رہی ہے تو اس کے لیے Airports میں changes لائی جا رہی

ہیں تاکہ دوسرے قسم کے aircraft بھی accommodate ہو سکیں وہاں پر land ہو سکیں۔ وہ Aircrafts ٹیک آف کر سکیں اور اس کے لیئے equipments چاہیئں modern equipments تاکہ صحیح معنوں میں bad weather میں وہ land کر سکیں یا take off کر سکیں اس طریقہ سے بہت سارا بندوبست کرنا پڑتا ہے تو اس کے لیے کچھ وقت تو ضرور لگے گا۔

جناب چیئرمین: آپ کوئی اندازہ نہیں بتا سکتے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ میرے خیال میں اسی مالی سال کے دوران انشاءاللہ مکمل ہو گا، ضرور ہو گا۔

Mr. Chairman: Any other supplementary question. No, then we go to the next question. Question No. 96.

AFGHAN REFUGEES

96. ***Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Will the Minister for State and Frontier Regions be pleased to state the time schedule by which the Afghan Refugees are likely to return to their home land ?

Malik Waris Khan Afridi: The return of Afghan refugees to their homeland depends upon establishment of a viable government, security of food and safety of life in Afghanistan. Owing to the prevailing uncertain and warlike conditions in Afghanistan, it is not possible at this stage, to forecast the schedule for refugee repatriation to their homeland.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Mr. Chairman, my question was not to give exact time. My question was; what preparations they have made ? I know the problems and I don't say that the Afghan refugees who are our very precious guests should be thrown out. What I mean is that every nation which has a problem prepares a time schedule, a blue print as to what will be the time taken and what will be the expenses involved and how those expenses will be met. It is not possible for Pakistan Government to meet all the expenses. You have to prepare yourself much before time for this. Have they any plan for that ?

جناب چیئرمین: آپ کا سوال ٹائم شیڈول کے بارے میں تھا اس کا انہوں نے جواب دیا ہے کہ جو موجودہ حالات ہیں اس میں وقت کا تعین مشکل ہے یہ یہ مشکلات ہیں اور آپ کا جو دوسرا ضمنی سوال ہے وہ یہ ہے کہ کیا کوئی خرچے کا حساب لگایا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: سوال ان کا یہ ہے جی کہ کیا کوئی خرچے کا حساب لگایا گیا اور دوسرا یہ کہ اگر حالات ٹھیک ہو جائیں اس کے بعد کے کوئی پلانز بنائے ہیں کہ اس کے بعد اس طرح اس طرح کام چلے گا۔

ملک وارث خان آفریدی: جناب یہ تو میں آئندہ سیشن میں بتاؤں گا تفصیل سے کہ یہ کیا ہے اور اس کا کیا پروگرام ہے ویسے حکومت پاکستان گزارا الاونس ۳۵۰ روپے فی خاندان دے رہی ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، اور تفصیل کی ضرورت نہیں ہے، وہ کہتے ہیں جی کہ آئندہ وہ تفصیل سے بتا دیں گے، جی شاد محمد خان۔

جناب شاد محمد خان: جناب کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ جب یہ شیڈول بن جائے گا اور یہ لوگ گھروں کو جانے لگیں گے تو ان ملازمین کا کیا حشر ہو گا جو کئی سال سے وہاں ملازمت کر رہے ہیں

ملک وارث خان آفریدی: یہ مسئلہ زیر غور ہے انشاءاللہ ان کے لئے بھی کچھ ضرور کرنا پڑے گا

جناب چیئرمین: اگلا سوال۔

I don't say that the time schedule of actual starting the refugees repatriation but I want the time schedule that you have from the date zero when there is a ceasefire or when the conditions are good, the refugees will be repatriated in three years, four years. This will be the procedure, these will be the resources which would be utilized. I wanted that.

DEFENCE ORIENTED INDUSTRIES

97. *Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Will the Minister for Defence be pleased to state :

(a) the proposed plan to establish defence oriented industries and expand the existing one to meet the defence requirement of the country ;

(b) the proposed steps for the transfer of defence production technology from abroad ; and

(c) Whether there is any proposal to undertake joint venturre with foreign assistance for the establishment of defence industry ?

Col. (Retd) Ghulam Sarwar Cheema (read by Dr. Sher Afgan Khan Niazi): (a) Defence Production Division is actively engaged

expanding the existing defence oriented industries to meet ne requirement of the country. Organizations like Heavy Rebuild actories, Pakistan Ordnance Factories Wah, Pakistan Aeronautical omplex Kamra, Institute of Optronics and Margalla Electronics ave been entrusted with production of armoured vehicles, weapons mmunition, night vision devices, communication equipment radar ts and coding equipment, F-100 Engines for F-16 aircraft etc.

(b) Whenever possible procurement of equipment is car- ed out, while efforts are made to obtain production technology well. In this respect some friendly countries like China, U.S. d some West European countries have been cooperating.

(c) There is a plan to undertake joint venture for production APC, with a foreign firm, negotiations are under way.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: What is APC ?

جناب چیئرمین: اے پی سی کیا ہوتا ہے۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Army Personnel Carrier.

Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui: Is the honourable Minister vare that as against the defence production capacity of Pakistan dia has got 120 times more capacity. Even at the time of partition e had no ordnance factory of any nature and India had forty d today the position is that India has got about 270 and we ve hardly 56 and the desparity is so much that a routine reply e this would not satisfy the people and the House. Why are eps not taken? In the whole world defence production is in e private sector, even the most sophisticated equipments that u can imagine are being manufactured, even nuclear one private sector under the control of the government. If the vernment is not capable of having their own resources or their n personnel engaged in this, why not open joint venture and e private sector will bring the joint venture from various countries? y is this step not being taken ?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! یہ ایک عجیب سا سوال ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں سوال صرف اتنا ہے کہ کیا حکومت پرائیویٹ سیکٹر میں ڈیفنس انڈسٹری کے لیے کچھ سوچ رہی ہے، ایسی کوئی چیز زیر غور ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! وہ پہلے جو انہوں نے دو سو گنا اور ۵ سو گ کہا تھا وہ کیا تھا۔

جناب چیئرمین : وہ تمہید ہے اس میں آپ نہ جائیں، سوال صرف اتنا ہے کہ ڈیفنس انڈسٹری کو - پرائیویٹ سیکٹر میں لانے کے لیئے کوئی غور کر رہی ہے۔ یا کرنا چاہتی ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : بالکل سوچ رہی ہے اگر معزز رکن جاننا چاہتے ہیں تو میرے پاس وہ چیز موجود ہے وہ یہاں ہاؤس میں نہیں بتلا سکتا اور میں تمام آئیٹم ان کو بتلا دیتا ہوں وہ تشریف لائیں یا میں انہیں کاپی دے دوں گا وہ اپنے تک رکھیں۔

جناب چیئرمین : جو پرائیویٹ سیکٹر میں بن رہی ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : نہیں جناب والا! بات یہ ہے بہت ساری ایسی چیزیں بن رہی ہیں لیکن پرائیویٹ سیکٹر میں ابھی نہیں بن رہیں - یہ پبلک سیکٹر میں بن رہی ہیں اور بہت سارے ایسی آئیٹمز ہیں جو ہم اوپن نہیں کر سکتے - جو حساس ہیں اور وہ ہمارے ملک کا راز ہیں تو اگر وہ ان کی لسٹ لینا چاہتے ہیں جو چیزیں ہماری ضروری ہیں تو وہ آنریبل ہاؤس کے ممبر ہیں - ویسے ہی لے لیں۔

جناب چیئرمین : آپ کا جواب یہ ہے کہ بہت ساری چیزیں بن رہی ہیں۔ دوسرا سوال یہ تھا کہ کیا پرائیویٹ سیکٹر میں آپ کچھ چیزیں بنانے کے لیے ....

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : بالکل ہو سکتا ہے۔ یہ بہت اچھی تجویز ہے۔ اور اس پر غور ہونا چاہیئے اور حکومت بالکل سوچے گی۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے جی۔

Any other supplementary question ? No.

Next question, No. 15

PRESCRIBED QUALIFICATIONS FOR THE POST OF AN ASSISTANT

@15. **Mian Alam Ali Laleka:** Will the Minister for Interior be pleased to state :

(a) the educational qualifications prescribed for the post of an Assistant in the Health Department at Islamabad functioning under the administrative control of the Ministry of Interior ; and

(b) the names and qualifications of the Assistants appointed in the Health Department, Islamabad in April, 1984 alongwith the details of their inter-seniority ?

Mr. Aitzaz Ahsan: (a) Graduate.

(b) The names, educational qualification and inter-seniority of the Assistants who joined in 1984 in Health Department, ICT are as under :-

	Name	Educational qualification
1.	Mr. Muhammad Rafique Sulery	Graduate
2.	Mr. Aman Gul Khattak	Graduate

Mr. Chairman: Any supplementary question ? No supplementary question.

Next question No. 25, Prof. Khurshid Ahmed.

ARMY EDUCATION CORPS

*25. ***Prof. Khurshid Ahmed:** Will the Minister for Defence be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the educational institutions situated in the Cantt/Garrison areas were taken over by the Army Educational Corps in July, 1977 ;

(b) whether it is also a fact that the expenditure on these institutions is being borne by the Ministry of Education ; and

(c) whether there is any proposal under consideration of the government to transfer the control of these institutions back to the Ministry of Education; if so, when ?

Col. (Retd.) Ghulam Sarwar Cheema (read by Dr. Sher Afgan Khan Niazi): (a) Education institutions situated in Cantt/Garrison areas were taken over by the Army Education Directorate, GHQ on 10th September, 1977.

(b) Yes.

(c) No.

جناب چیئرمین: ضمنی سوال ۔

پروفیسر خورشید احمد: سپلیمنٹری سے زیادہ یہ ہے کہ وزارت تعلیم کے تحت ان چیزوں کو ہونا چاہیئے اور میرا جو سوال تھا اس میں یہ تجویز بھی پوشیدہ ہے کہ حکومت کو اس بات پر غور کرنا چاہیئے انہیں دوبارہ منسٹری آف ایجوکیشن کے تحت لایا جائے اور یہی میری نگاہ میں مطالبہ بھی ہے وہاں کے ایجوکیشن کے سٹاف کا۔ اس پر حکومت کو غور کرنا چاہیئے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: نہیں لایا جا سکتا۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

Any other question ?

اور کوئی سوال نہیں ہے۔

I think that brings us to the end of the questions.

NARCOTICS CONTROL BOARD

2. **Mr. Muhammad Ishaq Baluch:** Will the Minister for Interior be pleased to state :

(a) the number of persons employed in the Narcotics Control Board from June, 1988 to May, 1989 indicating also their names, father's names, address and place of domicile separately in each case ; and

(b) whether these incumbents were appointed after the posts were duly advertised. If not, the reasons thereof ?

Mr. Aitzaz Ahsan: (a) The information is given in the attached statement.

(b) The posts could not be advertised due to exegencies of work. The persons were however recruited strictly in accordance with the rules.

STATEMENT SHOWING THE NAMES OF PERSONS APPOINTED IN PAK. NARCOTICS CONTROL BOARD FROM JUNE, 1988 TO MAY, 1989

S. No.	Name of the candidate alongwith Father's name	Home address	Place of domicile	Date of appointment	Remarks
1	2	3	4	5	6
1.	Mr. Mohammad Sheraz, S/o. Mohammad Saleem, Publicity Officer, (BPS-17).	House No. 1094/3, Mohallah Kas, Aziz Bhatti Road, Teh. Nowshera. District, Peshawar.	N.W.F.P.	15-6-1989	
2.	Mr. Zuifiqar Ali Soomro, S/o. Umer Soomro, Group Leader, (BPS-16).	HouseNo. 1845681, Station Road, Nawan Tak Mohallah, Larkana.	Sind.	28-1-1989	
3.	Mr. Shaukat Hussain Jokhio, S/o. Shamsuddin Jokhio, F.I.O., (BPS-11).	Margi Mohallah, Near Plaza Cinema, Shikarpur.	Sind.	24-5-1989	
4.	Mr. Irfan Rashid, S/o. Abdul Rashid, F.I.O., (BPS-11).	89-B, Satellite Town, Rawalpindi.	Punjab.	28-5-1989	
5.	Mr. Inamul Haq, S/o. Sultan Mohammad, F.I.O. (BPS-11).	House No. 136/A, Dhoke Sahan, Near Faizabad, Rawalpindi.	Punjab.	8-9-1988	
6.	Mr. Abdul Kabir, S/o. Abdul Majid, F.I.O., (BPS-11).	House No. 116, St. No. 6, Jinnah-abad Township, Taba Camp, Abbottabad.	N.W.F.P.	15-8-1988	
7.	Mr. Mohammad Iftikhar, S/o. Fazal Din, UDC. (B-7).	Village Rehmatabad, P.O. Partan-wali, Teh. & District, Sialkot.	Punjab.	13-12-1988	

1	2	3	4	5	6
8.	Mr. Rauf Iqbal, S/o. Mohammad Iqbal, LDC, (BPS-5).	Village & P.O. Chhaw Ghazian, Tehsil Samani, District Mirpur, Azad Kashmir.	Azad Kashmir.	13-12-1988	
9.	Gul Mawaz, S/o. Malik Sabir Hussain, LDC, (BPS-5).	Village Rehmatabad, Thana Chhawani, Teh. & District Abbottabad.	N.W.F.P.	13-12-1988	
10.	Ch. Nisar Ahmed, S/o. Ch. Allah Dad, Driver, (BPS-4).	Village & P.O. Bangali Gujar Khan, Tehsil Gujar Khan, District Rawalpindi.	Punjab.	14-9-1988	
11.	Mr. Mohammad Akram, S/o. Mohabat Khan, Driver. (BPS-4).	Qtr. No. 485-C, Aabpara. Islamabad.	N.W.F.P.	14-9-1988	
12.	Mr. Shah Zaman, S/o. Rehan Gul, Driver, (BPS-4).	Village & P.O. Inzari, Mohallah Usmani Khan, Teh. Nowshera, District Peshawar.	N.W.F.P.	28-6-1989	
13.	Sajjad Hussain, S/o. Kala Khan, W/Operator, (BPS-5).	Supply Bazar, Skinderabad Near Maskeen Market, Abbottabad.	N.W.F.P.	3-10-1988	
14.	Amjad Nawaz Khan, S/o. Mohammad Nawaz, W/Operator, (BPS-5).	Sultanabad Colony, Rajana District, Toba Tek Singh.	Punjab.	18-10-1988	
15.	Ghulam Farid, S/o. Mohammad Khan, Constable, (BPS-2).	Quarter No. 4/5-B. St. No. 16, G-7/2, Islamabad.	N.W.F.P.	11-10-1988	
16.	Manzoor, S/o. Ch. Akbar, Orderly, (BPS-1).	C/o. Mir Afzal, Secretary, Interior Bureau, Islamabad.	Azad Kashmir.	3-10-1988	

1	2	3	4	5	6
17.	Mr. Abdul Khaneem, S/o. Yaqeen Shah, Orderly, (BPS-1).	District Kohat, Village Ghulam Banda, Kohat.	N.W.F.P.	21-12-1988	
18.	Mr. Zafar Abbas, S/o. S. Taqvi Shah, Orderly, (BPS-1).	Syed Abid Ali Shah, Cheque-11, Section Officer of AGPR, Islamabad.	Punjab.	3-12-1988	
19.	Agha Sheraz, S/o. Agha Faiz Hamun, Constable. (BPS-2).	8-S, Heraz Road, Union Park, Samanabad, Lahore.	Punjab.	22-8-1988	*Note* : Total 26 persons were appointed from June, 1988 to May, 1989. 14 persons were appointed from June, 1988 to Nov., 1988. The remaining 12 were recruited from December, 1988 to May, 1989
20.	Akbar Ali, S/o. Mukhtar Ali, Constable, (BPS-2).	Chak No. 222/JB, Teh. Jaranwala, District Faisalabad.	Punjab.	22-8-1988	
21.	Manawar Hussain, S/o. Khushal Khan, Constable, (BPS-2).	R/o. Banda Phaghwarian, Abbottabad.	N.W.F.P.	9-8-1988	
22.	Mohd. Akbar, S/o. Mohd. Jan, Constable, (BPS-2	Pir Mohammad Road, Quetta.	Baluchistan.	8-10-1988	
23.	Mohammad, Iqbal, S/o. Haji Mohammad, Constable, (BPS-2).	Sariab Road., Quetta.	Baluchistan.	11-10-1988	
24.	Abedullah Jan, S/o. Sikandar Khan, Constable, (BPS-2).	Faizabad Tin Town, Quetta.	Baluchistan.	8-12-1988	
25.	Mohd. Umer, S/o. Shakoor Khan, Constable, (BPS-2).	Mustang District Kalat.	Baluchistan.	17-12-1988	
26.	Ghazanfar Ahmed, S/o. Bashir Ahmed, Constable, (BPS-2).	Village Kot Karan, Bakhsha, Teh. Deska, Distt. Sialkot.	Punjab.	23-10-1988	

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جناب مخدوم حمید الدین صاحب نے ناسازی طبع کی بنا پر ایوان سے حالیہ مکمل اجلاس کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سید افتخار علی بخاری صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ۸ تا ۱۲ جولائی اجلاس میں شرکت نہ کر سکنے کی وجہ سے ایوان سے ان تاریخوں کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب ڈاکٹر محبوب الحق بیرون ملک تشریف لے گئے ہیں اس لیے انہوں نے ایوان سے حالیہ مکمل اجلاس کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب سلطان علی لاکھانی صاحب بیرون ملک تشریف لے گئے ہیں اس لیے انہوں نے ایوان سے حالیہ مکمل اجلاس کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: صاحبزادہ سلطان عبدالمجید نے اپنی علالت کی بنا پر ایوان میں ۸ تا ۱۰ جولائی شرکت نہ کر سکنے پر ایوان سے ان تاریخوں کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: شکریہ! مسٹر محمد علی خاں صاحب جناب جاوید جبار صاحب فرما رہے ہیں کہ یہ جو مسئلہ زکواۃ اینڈ عشر کے بارے میں زیر غور ہے اس پر وزیر قانون کچھ کہنا چاہ رہے ہیں آج ان کی طبیعت اچھی نہیں ہے وہ کل ایوان میں تشریف لا سکیں گے اس کو کل لے لیا جائے۔ ٹھیک ہے جی۔

جناب محمد علی خان: مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ۔

We will take it up tomorrow.

PRIVILEGE MOTIONS

Mr. Chairman: Now, we take up the next privilege motion. This privilege motion No. 3 by Mr. Shad Muhammad Khan.

(i) RE: INCORRECT INFORMATION GIVEN BY A MINISTER IN REPLY TO A QUESTION

Mr. Shad Muhammad Khan: Mr. Chairman, in reply to my question No. 11 which was tabled and treated to be as read on 22-5-1989 regarding the recruitment in Karachi Port Trust, the Minister has given the details of incumbents in Grade 17 to 21 in Annexure-A. While in para (b) of question, it has been categorically stated that the quota at the time of recruitment was strictly observed. While going through the Annexure, it is quite evident that the quota has not been observed. This mis-statement of facts has clearly infringed my privilege as a Member of the Senate in particular and that of the Senate in general. So, I will request Sir, that the privilege motion be admitted and entrusted to the Privileges Committee to examine and redress the grievances of the federating units adversely affected.

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Opposed.

جناب چیئرمین! نہ صرف اپوز کرتا ہوں بلکہ بنیادی طور پر اسے بطور پریویلج موشن لایا ہی نہیں جا سکتا ۔

Mr. Chairman: First you sit down, please.

Let him make a short statement. Yes, please.

جناب شاد محمد خاں : جناب والا! جواب کے پہلے حصے میں ہے کہ گزارش۔ اس وقت میرے پاس نہیں ہیں بدقسمتی سے کہیں وہ لیس وبیش ہوگئے ہیں. بہرکیف اس سوال کے جواب میں پنجاب کے ساتھ بھی سراسر زیادتی ہوئی ہے ۔ پنجاب کا کوٹہ ۵۶ فیصد بنتا ہے جو نہیں دیا گیا سندھ اربن اور رورل میں تقریباً majority posts ۲۸۰ میں سے تقریباً ۱۲۶ آسامیاں سندھ کو دی گئی ہیں صوبہ سرحد کا کوٹہ ۲۸۰ میں سے ۲۴ بنتا تھا اس میں صرف صوبہ سرحد کو ۲ اپوسٹیں دی

گئی ہیں اور بلوچستان کو ۵ دی گئی ہیں لہٰذا کوٹہ کا لحاظ نہیں رکھا گیا لیکن پیرا (بی) میں انہوں نے یہ کہہ دیا ہے کہ ریکروٹمنٹ میں کوٹہ کا لحاظ رکھا جاتا ہے لہٰذا اس clearly mis-statement of facts کی بنا پر اور violation of quota کی بنا پر میں عرض کروں گا کہ اس کا تدارک کیا جائے اور یہ موشن Privileges Committee کے سپرد کی جائے تاکہ وہ تحقیقات کر کے اس کا ازالہ کر سکے۔

جناب چیئرمین: جی جناب ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب بنیادی طور پر ایک نکتے کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں جس وقت بنیادی ریکروٹمنٹ ہوتی ہے اس وقت کوٹے کا خیال رکھا جاتا ہے جب بات آگے بڑھتی ہے۔ vacancies ہوتی ہیں تو ریگولر پروموشن ہوتی ہے وہاں پر کوٹہ کا سوال پیدا نہیں ہوتا اس وجہ سے بعض اوقات disproportion ہو جاتی ہے لیکن یہاں پر اس ضمن میں بھی وہ بات نہیں ہے ۷۳ء میں کوٹے کا قانون بنا اس سے پہلے کی جو اپوائنٹمنٹس آ رہی تھیں ان کے اندر تضادات تھے اب اس کو ختم کرتے کرتے کچھ نہ کچھ حد تک disproportion باقی رہی لیکن وہاں پروموشن کا عنصر اس میں داخل ہو گیا جس کی وجہ سے معزز اراکین سینیٹ کو یہ محسوس ہوا کہ کوٹے کا لحاظ نہیں رکھا گیا اب دوسرا نکتہ میرا یہ ہے کہ بنیادی طور پر اس کو پریویلج موشن کی شکل میں لایا ہی نہیں جا سکتا اس کے لئے پارلیمانی روایات میں خاص طریقہ کار موجود ہے میں جناب کی توجہ ایم این کول کی Practice and Procedure of Parliament میں ایک خاص باب رکھا گیا ہے اور اس کا ہیڈنگ ہے

Statements to correct inaccuracies, at page 340, which says:

"When a Minister finds that an incorrect information has been given to the House by him in answer to a starred/unstarred short notice question or a supplementary question, for during a debate, he may make a statement or lay it on the Table correcting his earlier reply or information. The Minister has to give to the Secretary-General an advance notice of his intention and to furnish a copy of the proposed statement for information of the Speaker.

A member is also at liberty to point out any mistake or inaccuracy in a statement made by a Minister or any other member but he has to write to the Speaker seeking his permission to raise the matter in the House....."

اب آپ ملاحظہ فرمائیں تو نیچے فٹ نوٹ میں ڈائریکشن لکھی ہوئی ہے اس کے ساتھ رول ہے۔ ہمارے رولز اینڈ پروسیجر ۸۸ء میں بنائے گئے ہیں اس میں آپ نے ڈائریکشن incorporate نہیں کی اگر یہ صورت حال پیدا ہو جائے اس کے لیے ایک باقاعدہ ڈائریکشن وہاں incorporate ہونی چاہیئے تھی ایسی inaccuracies کو correct کرنے کے لیے بصورت دیگر اس کو پریویلیج موشن کی شکل میں لایا ہی نہیں جا سکتا ان کو باقاعدہ ایک خاص طریق کار کے تحت نوٹس دینا چاہیئے تھا۔ اسے پریویلیج موشن کے طریقہ کار کے تحت نہیں آنا چاہیئے تھا۔ یہ بات clear-cut اس سارے پیراگراف میں لکھی ہوئی ہے، اگر آپ اسے دیکھیں تو محسوس ہوتا ہے کہ اس کو کیسے ڈیل کیا جا سکتا ہے اس قسم کی صورت حال میں پھر ایک ingredient اور ہے کہ جب ہاؤس میں اس کا نوٹس لایا جائے گا correction کے لیے، تو with the consent of the Minister ہو گا اور اس کے ساتھ، تعاون کرنا ہو گا اور اس کو ممبر کے ساتھ [illegible]ن کرنا ہو گا اور پھر اگر نوٹس لایا جائے گا تو correction ہاؤس میں اس طریقہ کار کے تحت ہو گی اور اس کے لیے Rules of Procedure میں direction موجود ہونی چاہیئے جو ہمارے رولز آف پروسیجر میں نہیں۔ لہذا میری یہ استدعا ہے کہ اگر یہ inaccurate ہوتا تب بھی

in any form could not be brought on the floor of this House because the basic law is missing to bring it on the floor of the House. To bring it in the form of a privilege motion, it is just to insult the Rules of Procedure concerning the question of privilege or othe motion. This is my humble submission.

جناب چیئرمین: آپ کچھ مزید کہنا چاہتے ہیں۔

جناب شاد محمد خان: جناب مجھے اس بات کے کہنے کی permission دی جائے کہ واقعی زیادتی ہوئی ہے، recruitment in the allotted quota, کی violation ہوئی ہے۔ آئندہ کے لیے ایسا نہیں ہو گا۔ میں تو مصر ہوں کہ infringement ہوئی ہے کوٹہ violate ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ تو کہہ رہے ہیں کہ کوئی infringement نہیں ہوئی ہے۔

جناب شاد محمد خان: اور جو پہلے ہوئی ہے اس کی تلافی کی جائے گی میں تو سمجھتا ہوں کہ violation ہوئی ہے، لوگوں کے ساتھ ظلم ہوا ہے infringement ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: وہ تو کہہ رہے ہیں کوئی violation نہیں ہوئی ہے وہ فرما رہے ہیں کہ دو چیزیں ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ کوٹہ کے رولز ۱۹۷۳ میں آئے ہیں، اور کچھ recruitment اس سے پہلے کی ہے دوسری بات یہ ہے کہ وہ فرما رہے ہیں کہ کوٹہ کے رولز جو ہیں، وہ initial recruitment کے وقت ملحوظ خاطر رکھے جاتے ہیں اور پھر بعد میں جو promotions ہوتی ہیں تو ان میں کچھ imbalance آ جاتا ہے، تو اس طرح کوئی غلطی نہیں ہوئی ہے۔ تیسری بات وہ قانونی کر رہے ہیں کہ قانونی لحاظ سے یہ privilege motion نہیں بنتی ہے، ان حالات میں کیا اس کو آپ پریس کرنا پسند فرمائیں گے۔

Mr. Shad Muhammad Khan: I do not press it.

Mr. Chairman: Not pressed. We go to the next privilege motion Nos. 6, 8 and 14. These are regarding Externment Order of Senator Fasihuddin Vardag from NWFP. Yes Mr. Muhammad Tariq Chaudhry.

(ii) RE: EXTERNMENT ORDER OF A SENATOR FROM NWFP MADE BY THE PROVINCIAL GOVERNMENT

جناب محمد طارق چوہدری: شکریہ جناب چیئرمین! بسم اللہ الرحمان الرحیم، میں تحریک کرتا ہوں کہ اس ایوان کے ایک رکن، فصیح الدین وردگ کو ذاتی وجوہ کی بنا پر صوبہ بدر کر کے نہ صرف اس کے بنیادی حق کی نفی کی گئی ہے بلکہ اس اقدام سے اس ایوان کا وقار اور استحقاق بھی مجروح کیا گیا ہے، لہذا یہ معزز ایوان فوری طور پر اس کارروائی کا نوٹس لیتے ہوئے میری تحریک استحقاق کو کمیٹی کے سپرد کرے۔

جناب چیئرمین: جناب احمد میاں سومرو صاحب، (وہ موجود نہیں ہیں)۔ جناب آصف فصیح الدین وردگ صاحب (وہ بھی موجود نہیں ہیں)

Is it being opposed ?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Yes, Sir.

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب، آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! میں نے دراصل اس موضوع پر ایڈجرنمنٹ موشن دی تھی اور اس سے پہلے جب بھی ہم نے ایسے معاملات کو لیا ہے تو سب کو ایک ساتھ لے لیا ہے اگر آپ اجازت دیں تو اس مرتبہ بھی اس کو ساتھ ہی لے لیا جائے۔

جناب چیئرمین: ویسے دونوں کی کنڈیشنز مختلف ہوتی ہیں، ان دونوں کو کلب کرنا چاہیں تو ایسا کر تو سکتے ہیں۔

but the conditions of admissibility are quite different in the two cases.

یعنی اس کے لیے کنڈیشنز اور ہوں گی اور اس کے لیے اور ہوں گی اس پر آپ سوچ لیں۔

Actually I would like to take it up, unless Mr. Asif Fasihuddin Vardag for some reasons does not want to press it or does not want to delegate his powers to somebody else. I think, it will be appropriate to take it up when he is present in the House. So, I think we will defer it and take it when he is present in the House.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: سر! آپ مجھے اجازت دیں تو عرض کروں گا کہ اگر آپ clubing کریں گے تو

It will not be permissible under the Rules of Procedure.

جناب چیئرمین: میں نے ڈاکٹر صاحب کچھ نہیں کیا clubing نہیں کر رہا ہوں، میں نے کہا ہے کہ ایسا ہو سکتا ہے اگر آپ کو اعتراض نہ ہو، اگر آپ کو اعتراض ہے تو نہیں کرتے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: سر! مجھے نہیں، بلکہ رولز آف پروسیجر کو اعتراض ہے۔

جناب چیئرمین: میں نے تو اسی لیے کہا ہے اور یہی میں خود کہہ رہا ہوں

So, we will take it up when Mr. Vardag is present.

Mr. Chairman:

Next privilege motion. There are three privilege motions - one by Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir No. 12, No. 13 by Mr. Salim Saifullah Khan and No. 17 by Brig. (Retd) Abdul Qayum. These are regarding the statement made by Mr. Hakim Ali Zardari, Chairman of the Public Accounts Committee levelling allegation of personal nature against the movers.

جناب چیئرمین : جنرل سعید قادر صاحب (وہ موجود نہیں ہیں) سلیم سیف اللہ صاحب آپ فرما دیجئیے، لیکن آپ سے پہلے بریگیڈیئر قیوم صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

Brig. (Retd) Abdul Qayum Khan: Sir, mine is not against the remarks made by Mr. Hakim Ali Zardari. It is against the press reports.

Mr. Chairman: So, it is a separate motion.

Brig. (Retd) Abdul Qayum: Yes, Sir.

Mr. Chairman: O.K. Then, we will take it up separately. Yes, Mr. Salim Saifullah Khan.

(iii) RE: STATEMENT MADE BY CHAIRMAN, P.A.C. LEVELLING ALLEGATIONS OF PERSONAL NATURE AGAINST MEMBERS

Mr. Salim Saifullah Khan: Mr. Chairman, I beg to move that my privilege has been breached due to the statement of Mr. Hakim Ali Zardari appearing in Daily 'MUSLIM' of 2nd July, 1989, whereby it has been purported that I have taken loans totalling over Rs. 27 crores. This malicious insinuation has been made to malign me and to lower my prestige and image in the eyes of the public. Such slanderous accusations against the Opposition members of the parliament has lowered the prestige of the entire Senate. I, therefore, submit, Sir, that the privilege motion may kindly be admitted and sent to the Privileges Committee.

Mr. Chairman: Is it being opposed ?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Yes, Sir.

Mr. Chairman: Yes Mr. Salim Saifullah Khan.

جناب سلیم سیف اللہ خان : جناب چیئرمین صاحب! میں صرف آپ کے چند منٹ لوں گا۔ اس خبر کا میرے خیال میں اس ایوان کے معزز ممبروں کو علم ہو گا جس میں پارلیمنٹ کے اپوزیشن کے ممبروں کے بارے میں اعداد و شمار پیش کر کے بتایا گیا ہے کہ انہوں نے قرضے لیے

ہیں۔ اس کے لئے اس قسم کی پریس کانفرنس کا انتظام کیا ہے یا خبر بنائی گئی جس سے پاکستان کی عوام کو یہ تاثر دیا گیا کہ ان لوگوں نے قومی خزانہ کی کوئی لوٹ مار کی ہے۔

جناب والا! میں سب سے پہلے یہ گزارش کروں گا کہ میں اس اعداد و شمار کو چیلنج کرتا ہوں اور اسی بنیاد پر میں سمجھتا ہوں کہ اس موشن کو ایڈمٹ کر کے تحریک استحقاق کمیٹی کے پاس بھیجی جائے تاکہ ثابت ہو کہ آیا میں نے کتنا قرضہ لیا ہے اور کن کن بنکوں سے لیا ہے اس کے علاوہ جناب چیئرمین میں یہ بھی عرض کروں گا کہ under the Banking Laws چیئرمین پبلک اکاونٹس کمیٹی نے قانون یا بنکنگ لاز کی خلاف ورزی کی ہے کیونکہ جب میں نے بنک سے رجوع کیا کہ آیا یہ فگرز آپ نے جناب چیئرمین پبلک اکاونٹس کمیٹی کو دی ہیں تو انہوں نے کہا کہ جی ہم نے تو یہ فگرز ان کو نہیں دی ہیں ہم نے تو یہ فگرز وزارت خزانہ کو بھیجی تھیں اور ہو سکتا ہے کہ انہوں نے زرداری صاحب کو یہ فگرز دی ہوں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے نہ صرف میرا استحقاق مجروح ہوا ہے بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ قانون کی بھی خلاف ورزی کی گئی ہے کہ Banking Laws جس میں Secrecy Act شامل ہے، اس کی خلاف ورزی کرتے ہوئے یہ اعداد و شمار دیئے گئے ہیں۔ میں یہ کہوں گا کہ آپ آج کل اخبار پڑھیں تو اس میں headlines یہ ہوتی ہیں کہ پرائم منسٹر صاحبہ امریکہ گئی ہیں، اور وہاں سے بے شمار دولت لے آئی ہیں برطانیہ گئی ہیں وہاں سے پچیس بلین ڈالر کا قرضہ پاکستان کو ملا ہے فلاں ملک سے اتنا بڑا قرضہ پاکستان کے لیے لیا ہے تو اگر آپ ایک پورے ملک کو قرضے کے بغیر نہیں چلا سکتے لیکن اگر کوئی کاروبار کر رہا ہے تو وہ کیسے کر سکتا ہے میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں کہ میرے خاندان نے صوبہ سرحد میں صنعتی میدان میں، عوام کی خدمت کی ہے۔ ہم نے پشاور کوہاٹ، بنوں، ڈیرہ اسماعیل خان جیسے پسماندہ علاقوں میں کارخانے لگائے ہیں۔ کیا یہ جرم کیا ہے؟ کیا حکومت وقت ہر روز بیان نہیں دیتی ہے کہ ہمیں قرضوں کی ضرورت ہے، قرضے لینا، کیا کوئی اتنا بڑا جرم ہے کہ اسے اس قسم کی خبر بنا کر پیش کیا جائے کہ ہم جو ہیں گویا کوئی چور اور ڈاکو ہیں جو یہاں پر آئے ہوئے ہیں، میری جناب والا! یہ گزارش ہے کہ حکومت وقت کو احتساب کرنا چاہیئے۔

میری اس وقت جناب والا! آپ سے یہ گزارش ہے اور میں خود احتساب کے حق میں ہوں آپ ضرور احتساب کیجئے یہ بد قسمتی رہی ہے کہ کبھی کا احتساب نہیں ہوا ہے۔ لیکن یہ ہم پڑھتے ہیں کہ ہیروئن کے خلاف، ڈیلروں کے خلاف احتساب ہوگا۔ اور ہم نے انکشاف کیا ہے کہ فلاں کو پکڑا جائے۔ لیکن آج تک

[Mr. Salim Saifullah Khan]

